SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
January 20, 2017

ایس ای سی پی نے بروکرز کی طرف سے قرض کی فراہمی کا جائزہ لینے کے لئے کمیٹی بنادی

اسلام آباد: ۲۰ جنوری: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف نے ان ہاؤس فنانسنگ کے معاملے اور لیور یج پراڈکٹس سے متعلقہ معاملات کا جائزہ لینے کے لئے شراکت داروں کی مشاورت سے ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ یہ کمیٹی سینئر مارکیٹ پروفیشلنز اور سٹیک ہولڈز پر مشتمل ہے۔ کمیٹی لیورج پراڈکٹس سے متعلقہ مسائل، دشواریوں اور رکاوٹوں کی نشان دہی کرے گی۔ کمیٹی سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کرنے والوں کو بروکرز کے ذریعے قرض کی سہولت مہیا کرنے کے سلسلے میں سفارشات دے گی تا کہ اس مسئلے کا قابل عمل حل ڈھونڈا جاسکے۔

کمیٹی نے بروز جمعہ اپنا پہلا اجلاس کراچی میں منعقد کیا۔ اس نے ان ہاؤس فنانسنگ اور لیورج پراڈکٹس سے متعلقہ معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا۔ اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ کلائنٹس کو بروکرز کے ذریعے قرض کی فراہمی کے لئے بین الاقوامی طور طریقوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس طرح بہترین طریقوں کی نشان دہی کی جائے گی اور اس کی روشنی میں لیورج پراڈکٹس کا از سر نو جائزہ لیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254